اور اللہ نے تم ہی میں سے تمھارے لیے بیویاں بنائیں اور تمھارے لیے تمھاری بیویوں سے بیٹے اور پوتے بنائے					

وَحَفَدَةً وَرَزَقَكُم مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِۚ أَفَبِٱلۡبَٰطِلِ يُؤۡمِنُونَ

وَحَفَدَةً	وَرَزَقَكُم	مِّنَ ٱلطَّيِّبَٰتِۚ	أَفَبِٱلۡبَٰطِلِ	يُؤۡمِنُونَ
اور پوتے	اور اس نے تمھیں رزق دیا	پاکیزہ (نفیس) چیزوں سے	کیا پھر بھی باطل پر	وہ ایمان لاتے ہیں
اور اس نے پاکیزہ (نفیس) چیزوں سے تمھیں رزق دیا کیا پھر بھی باطل پر وہ ایمان لاتے ہیں				

وَبِنِعۡمَتِ ٱللَّهِ هُمۡ يَكۡفُرُونَ ٧٢ وَيَعۡبُدُونَ مِن دُونِ ٱللَّهِ مَا

وَبِنِعۡمَتِ ٱللَّهِ	هُمۡ	يَكۡفُرُونَ ٧٢	وَيَعۡبُدُونَ	مِن دُونِ ٱللَّهِ	مَا
اور اللہ کی نعمتوں کی	وہ	ناشکری کرتے ہیں	اور وہ عبادت کرتے ہیں	اللہ کے سوا	ان کی کہ
اور اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کرتے ہیں ؟ اور وہ اللہ کے سوا ان کی عبادت کرتے ہیں					

لَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ رِزۡقٗا مِّنَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ شَيۡـٔٗا

لَا يَمۡلِكُ	لَهُمۡ	رِزۡقٗا	مِّنَ ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِ	شَيۡـٔٗا
وہ اختیار نہیں رکھتے	ان کے لیے	کسی قسم کے رزق کا	آسمانوں میں سے	اور زمین (سے)	کچھ بھی
جو آسمانوں اور زمین سے انہیں کچھ بھی تو روزی نہیں دے سکتے					

وَلَا يَسۡتَطِيعُونَ ٧٣ فَلَا تَضۡرِبُواْ لِلَّهِ ٱلۡأَمۡثَالَۚ إِنَّ ٱللَّهَ

وَلَا يَسۡتَطِيعُونَ ٧٣	فَلَا تَضۡرِبُواْ	لِلَّهِ	ٱلۡأَمۡثَالَۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ
اور نہ وہ اس کی طاقت ہی رکھتے ہیں	لہذا تم مت بیان کرو	اللہ کے لیے	مثالیں	بیشک	اللہ
اور نہ وہ اس کی طاقت ہی رکھتے ہیں۔ لہذا تم اللہ کے لیے مثالیں مت بیان کرو					

يَعۡلَمُ وَأَنتُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ ٧٤ ضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلًا عَبۡدٗا مَّمۡلُوكٗا

يَعۡلَمُ	وَأَنتُمۡ	لَا تَعۡلَمُونَ ٧٤	ضَرَبَ ٱللَّهُ	مَثَلًا	عَبۡدٗا مَّمۡلُوكٗا
جانتا ہے	اور تم	نہیں جانتے	اللہ نے بیان کی	ایک مثال	کسی کی ملکیت ایک غلام کی
بیشک اللہ جانتا ہے اور تم نہیں جانتے۔ اللہ نے ایک مثال بیان کی کہ ایک غلام ہے دوسرے کی ملکیت کا'					

لَّا يَقۡدِرُ عَلَىٰ شَيۡءٖ وَمَن رَّزَقۡنَٰهُ مِنَّا رِزۡقًا حَسَنًا

لَّا يَقۡدِرُ	عَلَىٰ شَيۡءٖ	وَمَن	رَّزَقۡنَٰهُ	مِنَّا	رِزۡقًا حَسَنًا
کہ وہ قدرت نہیں رکھتا	کسی چیز پر	اور (دوسرا) وہ شخص کہ	ہم نے اسے دیا	اپنی طرف سے	اچھا رزق
جو کسی بات کا اختیار نہیں رکھتا اور (دوسرا) وہ شخص کہ ہم نے اسے اپنی طرف سے اچھا رزق دیا					

فَهُوَ يُنفِقُ مِنۡهُ سِرّٗا وَجَهۡرًاۖ هَلۡ

فَهُوَ	يُنفِقُ	مِنۡهُ	سِرّٗا	وَجَهۡرًاۖ	هَلۡ
تو وہ	خرچ کرتا ہے	اس میں سے	چھپا کر	اور ظاہر (بھی)	کیا
جس میں سے وہ کھلے اور چھپے خرچ کرتا ہے					

يَسۡتَوُۥنَۚ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِۚ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ ٧٥

يَسۡتَوُۥنَۚ	ٱلۡحَمۡدُ	لِلَّهِۚ	بَلۡ	أَكۡثَرُهُمۡ	لَا يَعۡلَمُونَ ٧٥
وہ برابر ہوسکتے ہیں؟	تمام تعریف	اللہ ہی کے لیے ہے	بلکہ	ان کے اکثر	نہیں جانتے
کیا یہ سب برابر ہوسکتے ہیں؟ تمام تعریف اللہ ہی کے لیے ہے بلکہ ان کے اکثر نہیں جانتے۔					

وَضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلٗا رَّجُلَيۡنِ أَحَدُهُمَآ أَبۡكَمُ لَا يَقۡدِرُ

وَضَرَبَ ٱللَّهُ	مَثَلٗا	رَّجُلَيۡنِ	أَحَدُهُمَآ	أَبۡكَمُ	لَا يَقۡدِرُ
اور اللہ نے بیان کی	مثال	دو مردوں کی	ایک ان میں سے	گونگا ہے	وہ قدرت نہیں رکھتا
اور اللہ نے دو مردوں کی مثال بیان کی ایک ان میں سے گونگا ہے					

عَلَىٰ شَيۡءٖ وَهُوَ كَلٌّ عَلَىٰ مَوۡلَىٰهُ أَيۡنَمَا يُوَجِّههُّ

عَلَىٰ شَيۡءٖ	وَهُوَ	كَلٌّ	عَلَىٰ مَوۡلَىٰهُ	أَيۡنَمَا	يُوَجِّههُّ
کسی چیز پر	اور وہ	(نرا) بوجھ ہے	اپنے مالک پر	جہاں کہیں	وہ اسے بھیجتا ہے

وہ کسی چیز پر قدرت نہیں رکھتا اور وہ اپنے مالک پر (نرا) بوجھ ہے جہاں کہیں وہ (آقا) اسے بھیجتا ہے

لَا يَأۡتِ بِخَيۡرٍ هَلۡ يَسۡتَوِي هُوَ وَمَن يَأۡمُرُ

لَا يَأۡتِ بِخَيۡرٍ	هَلۡ	يَسۡتَوِي	هُوَ	وَمَن	يَأۡمُرُ
وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا	کیا	برابر ہے	وہ	اور دوسرا وہ شخص جو	حکم دیتا ہے

وہ کوئی بھلائی نہیں لاتا کیا برابر ہے وہ اور دوسرا وہ شخص جو عدل وانصاف کا حکم دیتا ہے

بِٱلۡعَدۡلِ وَهُوَ عَلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ٧٦ وَلِلَّهِ غَيۡبُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ

بِٱلۡعَدۡلِ	وَهُوَ	عَلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ٧٦	وَلِلَّهِ	غَيۡبُ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ
عدل وانصاف کے ساتھ	اور وہ	سیدھے راستے پر ہے	اور اللہ ہی کے لیے ہے	غیب	آسمانوں کا

اور وہ سیدھے راستے پر ہے۔ آسمانوں اور زمین کا غیب صرف اللہ ہی کو معلوم ہے

وَٱلۡأَرۡضِۚ وَمَآ أَمۡرُ ٱلسَّاعَةِ إِلَّا كَلَمۡحِ ٱلۡبَصَرِ أَوۡ

وَٱلۡأَرۡضِۚ	وَمَآ	أَمۡرُ ٱلسَّاعَةِ	إِلَّا	كَلَمۡحِ ٱلۡبَصَرِ	أَوۡ
اور زمین کا	اور نہیں ہے	قیامت کا معاملہ	مگر	آنکھ جھپکنے کی طرح	یا (بلکہ)

اور قیامت کا معاملہ تو آنکھ جھپکنے کی طرح ہے

هُوَ أَقۡرَبُۚ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٞ ﴿٧٧﴾

قَدِيرٞ ﴿٧٧﴾	عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ	ٱللَّهَ	إِنَّ	أَقۡرَبُۚ	هُوَ
خوب قادر ہے	ہر چیز پر	اللہ	بیشک	اس سے بھی زیادہ قریب ہے	وہ

بلکہ وہ اس سے بھی زیادہ قریب ہے یقیناً اللہ ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

وَٱللَّهُ أَخۡرَجَكُم مِّنۢ بُطُونِ أُمَّهَٰتِكُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ شَيۡـٔٗا وَجَعَلَ لَكُمُ

لَكُمُ	وَجَعَلَ	شَيۡـٔٗا	لَا تَعۡلَمُونَ	مِّنۢ بُطُونِ أُمَّهَٰتِكُمۡ	وَٱللَّهُ أَخۡرَجَكُم
تمہارے لیے	اور اُسی نے بنائے	کچھ بھی	تم نہیں جانتے تھے	تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے	اور اللہ نے تمھیں نکالا

اور اللہ نے تمھیں تمہاری ماؤں کے پیٹوں سے نکالا تم کچھ بھی نہیں جانتے تھے

ٱلسَّمۡعَ وَٱلۡأَبۡصَٰرَ وَٱلۡأَفۡـِٔدَةَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ ﴿٧٨﴾ أَلَمۡ يَرَوۡاْ

أَلَمۡ يَرَوۡاْ	تَشۡكُرُونَ ﴿٧٨﴾	لَعَلَّكُمۡ	وَٱلۡأَفۡـِٔدَةَ	وَٱلۡأَبۡصَٰرَ	ٱلسَّمۡعَ
کیا انہوں نے نہیں دیکھا	شکر کرو	تاکہ تم	اور دل	اور آنکھیں	کان

اور اُسی نے تمہارے کان اور آنکھیں اور دل بنائے تاکہ تم شکر کرو۔

إِلَى ٱلطَّيۡرِ مُسَخَّرَٰتٖ فِي جَوِّ ٱلسَّمَآءِ مَا يُمۡسِكُهُنَّ إِلَّا ٱللَّهُۚ

ٱللَّهُۚ	إِلَّا	مَا يُمۡسِكُهُنَّ	فِي جَوِّ ٱلسَّمَآءِ	مُسَخَّرَٰتٖ	إِلَى ٱلطَّيۡرِ
اللہ ہی	مگر	انہیں (فضا میں) نہیں روکتا	آسمانی فضا میں	اس حال میں کہ تابع فرمان ہیں	پرندوں کی طرف

کیا انہوں نے پرندوں کی طرف نہیں دیکھا اس حال میں کہ آسمانی فضا میں تابع فرمان ہیں

إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَأٓيَٰتٖ لِّقَوۡمٖ يُؤۡمِنُونَ ۝٧٩ وَٱللَّهُ جَعَلَ

إِنَّ	فِي ذَٰلِكَ	لَأٓيَٰتٖ	لِّقَوۡمٖ	يُؤۡمِنُونَ ۝٧٩	وَٱللَّهُ جَعَلَ
بیشک	اس میں	یقیناً عظیم نشانیاں ہیں	ان لوگوں کے لیے	جو ایمان لاتے ہیں	اور اللہ نے بنائے
جنہیں اللہ کے سوا کوئی اور تھامے ہوئے نہیں ہے بیشک اس میں ایمان لانے والوں کے لیے نشانیاں ہیں۔					

لَكُم مِّنۢ بُيُوتِكُمۡ سَكَنٗا وَجَعَلَ لَكُم مِّن جُلُودِ ٱلۡأَنۡعَٰمِ

لَكُم	مِّنۢ بُيُوتِكُمۡ	سَكَنٗا	وَجَعَلَ	لَكُم	مِّن جُلُودِ ٱلۡأَنۡعَٰمِ
تمھارے لیے	تمھارے گھر	رہنے کی جگہ	اور اُسی نے بنائے	تمھارے لیے	چوپایوں کے چمڑوں سے
اور اللہ نے تمھارے گھروں میں تمھارے لیے سکونت کی جگہ بنادی اور اُسی نے چوپایوں کے چمڑوں سے تمھارے لیے					

بُيُوتٗا تَسۡتَخِفُّونَهَا يَوۡمَ ظَعۡنِكُمۡ وَيَوۡمَ إِقَامَتِكُمۡ

بُيُوتٗا	تَسۡتَخِفُّونَهَا	يَوۡمَ ظَعۡنِكُمۡ	وَيَوۡمَ إِقَامَتِكُمۡ
(ایک قسم کے) گھر (خیمے) کہ	تم انہیں ہلکا پھلکا پاتے ہو	اپنے کوچ کے دن	اور اپنے قیام کے دن
ایسے گھر (خیمے) بنادیئے کہ تم انہیں ہلکا پھلکا پاتے ہو اپنے کوچ اور اپنے قیام کے دن			

وَمِنۡ أَصۡوَافِهَا وَأَوۡبَارِهَا وَأَشۡعَارِهَآ أَثَٰثٗا

وَمِنۡ أَصۡوَافِهَا	وَأَوۡبَارِهَا	وَأَشۡعَارِهَآ	أَثَٰثٗا
اور (بنایا) ان (بھیڑوں) کی اون سے	اور ان (اونٹوں) کی پشم سے	اور ان (بکریوں) کے بالوں سے	گھر کا سامان
اور (بنایا) ان (بھیڑوں) کی اون سے اور ان (اونٹوں) کی پشم سے اور ان (بکریوں) کے بالوں سے گھر کا سامان			

وَمَتَٰعًا إِلَىٰ حِينٖ ﴿٨٠﴾ وَٱللَّهُ جَعَلَ لَكُم مِّمَّا

وَمَتَٰعًا	إِلَىٰ حِينٖ ﴿٨٠﴾	وَٱللَّهُ جَعَلَ	لَكُم	مِّمَّا
اور کئی فائدے کی چیزیں	ایک وقت تک	اور اللہ ہی نے بنائے	تمھارے لیے	ان چیزوں میں سے جو

اور ایک مقررہ وقت تک کے لیے کئی فائدے کی چیزیں بنائیں ۔ اور اللہ ہی نے تمھارے لیے

خَلَقَ ظِلَٰلٗا وَجَعَلَ لَكُم مِّنَ ٱلۡجِبَالِ أَكۡنَٰنٗا

خَلَقَ	ظِلَٰلٗا	وَجَعَلَ	لَكُم	مِّنَ ٱلۡجِبَالِ	أَكۡنَٰنٗا
اس نے پیدا کیں	سائے	اور اس نے بنائیں	تمھارے لیے	پہاڑوں میں	چھپنے کی جگہیں (غاریں)

اپنی پیدا کردہ چیزوں میں سے سائے بنائے ہیں اور اس نے تمھارے لیے پہاڑوں میں غار بنائے ہیں

وَجَعَلَ لَكُمۡ سَرَٰبِيلَ تَقِيكُمُ ٱلۡحَرَّ وَسَرَٰبِيلَ

وَجَعَلَ	لَكُمۡ	سَرَٰبِيلَ	تَقِيكُمُ	ٱلۡحَرَّ	وَسَرَٰبِيلَ
اور اُسی نے بنائیں	تمھارے لیے	قمیصیں	وہ تمھیں بچاتی ہیں	گرمی (اور سردی) سے	اور قمیصیں (زرہیں)

اور اُسی نے تمھارے لیے قمیصیں بنائیں وہ تمھیں گرمی (اور سردی) سے بچاتی ہیں

تَقِيكُم بَأۡسَكُمۡۚ كَذَٰلِكَ يُتِمُّ نِعۡمَتَهُۥ عَلَيۡكُمۡ

تَقِيكُم	بَأۡسَكُمۡۚ	كَذَٰلِكَ	يُتِمُّ	نِعۡمَتَهُۥ	عَلَيۡكُمۡ
وہ تمھیں بچاتی ہیں	تمھاری لڑائی (کی تکلیف) سے	اسی طرح	وہ (اللہ) پوری کرتا ہے	اپنی نعمت	تم پر

اور ایسی قمیصیں (زرہیں) بھی بنائیں جو تمھیں لڑائی کی تکلیف سے بچاتی ہیں اسی طرح وہ اللہ تم پر اپنی نعمت پوری کرتا ہے

لَعَلَّكُمۡ تُسۡلِمُونَ﴿٨١﴾ فَإِن تَوَلَّوۡاْ فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ ٱلۡبَلَٰغُ

لَعَلَّكُمۡ	تُسۡلِمُونَ﴿٨١﴾	فَإِن	تَوَلَّوۡاْ	فَإِنَّمَا عَلَيۡكَ	ٱلۡبَلَٰغُ
تاکہ تم	فرمانبدار ہو جاؤ	پھر اگر	وہ منہ پھیریں (اسلام سے)	تو آپ کے ذمے بس	پہنچا دینا ہے

تاکہ تم فرمانبدار ہو جاؤ۔ پھر اگر وہ اسلام سے منہ پھیریں تو آپ کے ذمے بس واضح طور پر پہنچا دینا ہے۔

ٱلۡمُبِينُ﴿٨٢﴾ يَعۡرِفُونَ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ ثُمَّ يُنكِرُونَهَا وَأَكۡثَرُهُمُ

ٱلۡمُبِينُ﴿٨٢﴾	يَعۡرِفُونَ	نِعۡمَتَ ٱللَّهِ	ثُمَّ	يُنكِرُونَهَا	وَأَكۡثَرُهُمُ
واضح طور پر	وہ پہچانتے ہیں	اللہ کی نعمت کو	پھر	وہ اس کا انکار کرتے ہیں	اور ان کے اکثر

وہ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہوئے اس کا انکار کرتے ہیں اور ان کے اکثر کافر ہیں۔

ٱلۡكَٰفِرُونَ﴿٨٣﴾ وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ مِن كُلِّ أُمَّةٖ شَهِيدٗا ثُمَّ

ٱلۡكَٰفِرُونَ﴿٨٣﴾	وَيَوۡمَ	نَبۡعَثُ	مِن كُلِّ أُمَّةٖ	شَهِيدٗا	ثُمَّ
کافر ہیں	اور (یاد کرو) جس دن	ہم کھڑا کرینگے	ہر اُمت میں سے	ایک گواہ	پھر

اور (یاد کرو) جس دن ہم ہر اُمت میں سے ایک گواہ کھڑا کرینگے

لَا يُؤۡذَنُ لِلَّذِينَ كَفَرُواْ وَلَا هُمۡ يُسۡتَعۡتَبُونَ﴿٨٤﴾

لَا يُؤۡذَنُ	لِلَّذِينَ	كَفَرُواْ	وَلَا هُمۡ	يُسۡتَعۡتَبُونَ﴿٨٤﴾
اجازت نہیں دی جائے گی	ان لوگوں کے لیے جنہوں نے	کفر کیا	اور نہ اُن سے	توبہ ہی کا مطالبہ کیا جائے گا

پھر کافروں کو اجازت نہیں دی جائے گی اور نہ اُن سے توبہ ہی کا مطالبہ کیا جائے گا۔

وَإِذَا رَءَا ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ ٱلۡعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ

فَلَا يُخَفَّفُ	ٱلۡعَذَابَ	ظَلَمُواْ	ٱلَّذِينَ	رَءَا	وَإِذَا
توہلکا نہیں کیا جائے گا	عذاب کو	ظلم کیا	وہ لوگ جنہوں نے	دیکھیں گے	اور جب
جب ظالم لوگ عذاب کو دیکھیں گے تو عذاب اُن سے ہلکا نہیں کیا جائے گا					

عَنۡهُمۡ وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ۝٨٥ وَإِذَا رَءَا ٱلَّذِينَ

ٱلَّذِينَ	رَءَا	وَإِذَا	يُنظَرُونَ۝٨٥	وَلَا هُمۡ	عَنۡهُمۡ
وہ لوگ جنہوں نے	دیکھیں گے	اور جب	مہلت ہی دی جائے گی	اور نہ اُنہیں	اُن سے
اور نہ اُنہیں مہلت ہی دی جائے گی۔ جب مشرک لوگ اپنے شریکوں کو دیکھیں گے					

أَشۡرَكُواْ شُرَكَآءَهُمۡ قَالُواْ رَبَّنَا هَٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا

شُرَكَآؤُنَا	هَٰٓؤُلَآءِ	رَبَّنَا	قَالُواْ	شُرَكَآءَهُمۡ	أَشۡرَكُواْ
ہمارے وہ شریک	یہی ہیں	اے ہمارے رب!	تو وہ کہیں گے	اپنے (ٹھہرائے ہوئے) شریکوں کو	شرک کیا
تو وہ کہیں گے اے ہمارے رب! یہی ہیں ہمارے وہ شریک جنہیں ہم تیرے سوا پکارا کرتے تھے					

ٱلَّذِينَ كُنَّا نَدۡعُواْ مِن دُونِكَۖ فَأَلۡقَوۡاْ إِلَيۡهِمُ ٱلۡقَوۡلَ

ٱلۡقَوۡلَ	إِلَيۡهِمُ	فَأَلۡقَوۡاْ	مِن دُونِكَۖ	كُنَّا نَدۡعُواْ	ٱلَّذِينَ
یہ بات (اور کہیں گے)	ان کی طرف	تو وہ پھینک ماریں گے	تیرے سوا	ہم پکارا کرتے تھے	جنہیں
پھر وہ انہیں جواب دینگے کہ تم بلکل ہی جھوٹے ہیں۔					

إِنَّكُمۡ لَكَٰذِبُونَ ﴿٨٦﴾ وَأَلۡقَوۡاْ إِلَى ٱللَّهِ يَوۡمَئِذٍ ٱلسَّلَمَ

ٱلسَّلَمَ	يَوۡمَئِذٍ	إِلَى ٱللَّهِ	وَأَلۡقَوۡاْ	لَكَٰذِبُونَ ﴿٨٦﴾	إِنَّكُمۡ
فرمانبرداری (عاجزی)	اُس دن	اللہ کی طرف (سامنے)	اور وہ پیش کرینگے	یقیناً جھوٹے ہو	بیشک تم
اور وہ (سب کے سب) اُس دن اللہ کے سامنے فرمانبرداری (عاجزی) پیش کرینگے					

وَضَلَّ عَنۡهُم مَّا كَانُواْ يَفۡتَرُونَ ﴿٨٧﴾ ٱلَّذِينَ

ٱلَّذِينَ	يَفۡتَرُونَ ﴿٨٧﴾	كَانُواْ	مَّا	عَنۡهُم	وَضَلَّ
وہ لوگ جنہوں نے	جھوٹ باندھتے	وہ تھے	وہ جو	اُن سے	اور گم ہو جائے گا
اور گم ہو جائیں گے اُن سے (وہ عقائد) جو وہ گھڑا کرتے تھے۔					

كَفَرُواْ وَصَدُّواْ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ زِدۡنَٰهُمۡ عَذَابًا فَوۡقَ ٱلۡعَذَابِ بِمَا

بِمَا	عَذَابًا فَوۡقَ ٱلۡعَذَابِ	زِدۡنَٰهُمۡ	عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ	وَصَدُّواْ	كَفَرُواْ
اس وجہ سے جو	عذاب پر عذاب	ہم انہیں زیادہ دینگے	اللہ کے راستے سے	اور روکا	کفر کیا
وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور اللہ کے راستے روکتے رہے (دوسروں کو) ہم انہیں عذاب پر عذاب زیادہ دینگے					

كَانُواْ يُفۡسِدُونَ ﴿٨٨﴾ وَيَوۡمَ نَبۡعَثُ فِي كُلِّ أُمَّةٍ شَهِيدًا عَلَيۡهِم

عَلَيۡهِم	شَهِيدًا	فِي كُلِّ أُمَّةٍ	نَبۡعَثُ	وَيَوۡمَ	كَانُواْ يُفۡسِدُونَ ﴿٨٨﴾
ان پر	گواہ	ہر اُمت میں سے	ہم کھڑا کرینگے	اور (یاد کرو) جس دن	وہ فساد کیا کرتے تھے
اس وجہ سے جو وہ فساد کیا کرتے تھے۔ اور (ذرا تصور کرو اُس دن کا) جس دن ہم ہر اُمت میں ایک گواہ کھڑا کرینگے					

مِّنۡ أَنفُسِهِمۡۖ وَجِئۡنَا بِكَ شَهِيدًا عَلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِۚ وَنَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ

مِّنۡ أَنفُسِهِمۡۖ	وَجِئۡنَا بِكَ	شَهِيدًا	عَلَىٰ هَٰٓؤُلَآءِۚ	وَنَزَّلۡنَا	عَلَيۡكَ
انہی میں سے	اور ہم آپ ؐ کو لائینگے	گواہ	ان لوگوں پر	اور ہم نے نازل کی	آپ ؐ پر

ان پر انہی میں سے اور ہم آپ ؐ ﷺ کو ان لوگوں پر گواہ لائینگے اور ہم نے آپ ؐ ﷺ پر یہ کتاب (قرآن) نازل کی

ٱلۡكِتَٰبَ تِبۡيَٰنًا لِّكُلِّ شَيۡءٖ وَهُدًى وَرَحۡمَةً

ٱلۡكِتَٰبَ	تِبۡيَٰنًا	لِّكُلِّ شَيۡءٖ	وَهُدًى	وَرَحۡمَةً
یہ کتاب (قرآن)	اس حال میں کہ کھول کر بیان کرنے والی ہے	ہر چیز کو	اور ہدایت	اور رحمت

اس حال میں کہ ہر چیز کو کھول کر بیان کرنے والی ہے۔

وَبُشۡرَىٰ لِلۡمُسۡلِمِينَ ﴿٨٩﴾ إِنَّ ٱللَّهَ يَأۡمُرُ بِٱلۡعَدۡلِ

وَبُشۡرَىٰ	لِلۡمُسۡلِمِينَ ﴿٨٩﴾	إِنَّ	ٱللَّهَ	يَأۡمُرُ	بِٱلۡعَدۡلِ
اور خوشخبری ہے	مسلمانوں کے لیے	یقیناً	اللہ	حکم دیتا ہے	عدل وانصاف کا

اور مسلمانوں کے لیے ہدایت اور رحمت اور خوشخبری ہے۔ یقیناً اللہ حکم دیتا ہے عدل وانصاف کا

وَٱلۡإِحۡسَٰنِ وَإِيتَآيِٕ ذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ وَيَنۡهَىٰ عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ وَٱلۡمُنكَرِ

وَٱلۡإِحۡسَٰنِ	وَإِيتَآيِٕ	ذِي ٱلۡقُرۡبَىٰ	وَيَنۡهَىٰ	عَنِ ٱلۡفَحۡشَآءِ	وَٱلۡمُنكَرِ
اور احسان کا	اور (امداد) دینے کا	قرابت داروں کو	اور وہ روکتا ہے	بے حیائی سے	اور بُرے کام

اور احسان کا اور قرابت داروں کو (ان کے حقوق) ادا کرنے کا اور وہ بے حیائی سے اور بُرے کام

وَٱلۡبَغۡيِۚ يَعِظُكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تَذَكَّرُونَ۝٩٠ وَأَوۡفُواْ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ

وَٱلۡبَغۡيِۚ	يَعِظُكُمۡ	لَعَلَّكُمۡ	تَذَكَّرُونَ۝٩٠	وَأَوۡفُواْ	بِعَهۡدِ ٱللَّهِ
اور سرکشی سے	وہ تمھیں نصیحت کرتا ہے	تاکہ تم	نصیحت حاصل کرو	اور تم پورا کرو	اللہ کے عہد کو

اور سرکشی سے روکتا ہے۔ وہ تمھیں نصیحت کرتا ہے تاکہ تم نصیحت حاصل کرو۔

إِذَا عَٰهَدتُّمۡ وَلَا تَنقُضُواْ ٱلۡأَيۡمَٰنَ بَعۡدَ تَوۡكِيدِهَا وَقَدۡ

إِذَا	عَٰهَدتُّمۡ	وَلَا تَنقُضُواْ	ٱلۡأَيۡمَٰنَ	بَعۡدَ تَوۡكِيدِهَا	وَقَدۡ
جب	تم آپس میں عہد وپیمان کرو	اور تم نہ توڑو	(اپنی) قسمیں	ان کو پختہ کر لینے کے بعد	اور یقیناً

اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جب تم آپس میں عہد وپیمان کرو اور اپنی قسموں کو پختہ کر لینے کے بعد مت توڑو

جَعَلۡتُمُ ٱللَّهَ عَلَيۡكُمۡ كَفِيلًاۚ إِنَّ ٱللَّهَ يَعۡلَمُ

جَعَلۡتُمُ ٱللَّهَ	عَلَيۡكُمۡ	كَفِيلًاۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ	يَعۡلَمُ
تم نے اللہ کو بنالیا ہے	اپنے (عہد) پر	ضامن	یقیناً	اللہ	جانتا ہے

اور یقیناً تم نے اللہ کو اپنے (عہد) پر ضامن بنالیا ہے یقیناً اللہ جانتا ہے

مَا تَفۡعَلُونَ۝٩١ وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّتِي نَقَضَتۡ غَزۡلَهَا

مَا	تَفۡعَلُونَ۝٩١	وَلَا تَكُونُواْ	كَٱلَّتِي	نَقَضَتۡ	غَزۡلَهَا
جو کچھ	تم کرتے ہو	اور تم نہ ہو جاؤ	اس عورت کی مانند	جس نے توڑ ڈالا	اپنا کاتا ہوا سوت

جو کچھ تم کرتے ہو۔ اور تم اس عورت کی مانند نہ ہو جاؤ جس نے اپنا سوت مضبوط کاتنے کے بعد

مِنۢ بَعۡدِ قُوَّةٍ أَنكَٰثٗا تَتَّخِذُونَ أَيۡمَٰنَكُمۡ دَخَلَۢا بَيۡنَكُمۡ

مِنۢ بَعۡدِ قُوَّةٍ	أَنكَٰثٗا	تَتَّخِذُونَ	أَيۡمَٰنَكُمۡ	دَخَلَۢا	بَيۡنَكُمۡ
مضبوطی (سے کاتنے) کے بعد	ٹکڑے ٹکڑے کر کے	کہ تم بناؤ	اپنی قسموں کو	دھوکہ دینے کا ذریعہ	آپس میں

ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ ڈالا کہ تم اپنی قسموں کو آپس میں دھوکہ دینے کا ذریعہ بناؤ

أَن تَكُونَ أُمَّةٌ هِيَ أَرۡبَىٰ مِنۡ أُمَّةٍۚ

أَن	تَكُونَ	أُمَّةٌ	هِيَ	أَرۡبَىٰ	مِنۡ أُمَّةٍۚ
اس لیے کہ	ہو	ایک جماعت	وہ	بڑھی ہوئی ہو	دوسری جماعت سے

اس لیے کہ ایک جماعت دوسری جماعت سے بڑھی ہوئی ہو

إِنَّمَا يَبۡلُوكُمُ ٱللَّهُ بِهِۦۚ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمۡ

إِنَّمَا	يَبۡلُوكُمُ ٱللَّهُ	بِهِۦۚ	وَلَيُبَيِّنَنَّ	لَكُمۡ
یقیناً	اللہ تمھیں آزماتا ہے	اس (عہد و پیمان) کے ساتھ	اور یقیناً وہ ضرور بیان کرے گا	تمھارے لیے

اللہ تمھیں اس (عہد و پیمان) کے ساتھ آزماتا ہے یقیناً اللہ تمھارے لیے قیامت کے دن ہر وہ چیز ضرور کھول بیان کرے گا

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ مَا كُنتُمۡ فِيهِ تَخۡتَلِفُونَ ۝٩٢ وَلَوۡ

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ	مَا	كُنتُمۡ	فِيهِ	تَخۡتَلِفُونَ ۝٩٢	وَلَوۡ
قیامت کے دن	وہ چیز کہ	تم تھے	اس میں	اختلاف کیا کرتے	اور اگر

جس میں تم اختلاف کیا کرتے تھے۔

شَآءَ ٱللَّهُ لَجَعَلَكُمۡ أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ وَلَٰكِن يُضِلُّ مَن يَشَآءُ

مَن يَشَآءُ	يُضِلُّ	وَلَٰكِن	أُمَّةٗ وَٰحِدَةٗ	لَجَعَلَكُمۡ	شَآءَ ٱللَّهُ
جسے چاہتا ہے	وہ گمراہ کرتا ہے	اور لیکن	ایک ہی اُمت	تو تمھیں بنا دیتا	اللہ چاہتا
اور اگر اللہ چاہتا تو تمھیں ایک ہی اُمت بنا دیتا لیکن وہ جسے چاہتا ہے گمراہ کرتا ہے					

وَيَهۡدِي مَن يَشَآءُۚ وَلَتُسۡـَٔلُنَّ عَمَّا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ﴿٩٣﴾

كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ﴿٩٣﴾	عَمَّا	وَلَتُسۡـَٔلُنَّ	مَن يَشَآءُۚ	وَيَهۡدِي
تم عمل کیا کرتے تھے	ان کے متعلق جو	اور یقیناً تم سے ضرور سوال کیا جائے گا	جسے چاہتا ہے	اور وہ ہدایت دیتا ہے
اور وہ جسے چاہے ہدایت دیتا ہے اور یقیناً تم سے تمھارے اعمال کے متعلق ضرور سوال کیا جائے گا				

وَلَا تَتَّخِذُوٓاْ أَيۡمَٰنَكُمۡ دَخَلَۢا بَيۡنَكُمۡ فَتَزِلَّ قَدَمُۢ

قَدَمُۢ	فَتَزِلَّ	بَيۡنَكُمۡ	دَخَلَۢا	أَيۡمَٰنَكُمۡ	وَلَا تَتَّخِذُوٓاْ
قدم (اسلام سے)	(ایسا نہ ہو) کہ ڈگمگا جائے	آپس میں	دھوکہ دینے کا ذریعہ	اپنی قسموں کو	اور تم مت بناؤ
اور تم اپنی قسموں کو آپس میں دھوکہ دینے کا ذریعہ مت بناؤ					

بَعۡدَ ثُبُوتِهَا وَتَذُوقُواْ ٱلسُّوٓءَ بِمَا صَدَدتُّمۡ عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ

عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ	صَدَدتُّمۡ	بِمَا	ٱلسُّوٓءَ	وَتَذُوقُواْ	بَعۡدَ ثُبُوتِهَا
اللہ کے راستے سے	تم نے روکا	اس وجہ سے کہ	سزا (دنیا میں)	اور تم چکھو	اس کے جمنے کے بعد
(ایسا نہ ہو) کہ پھر تمھارے قدم (اسلام سے) مضبوطی کے بعد ڈگمگا جائے یہ سزا (دنیا میں) اس وجہ سے کہ تم نے					

وَلَكُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ ۝٩٤ وَلَا تَشۡتَرُواْ بِعَهۡدِ ٱللَّهِ ثَمَنٗا قَلِيلًاۚ

بِعَهۡدِ ٱللَّهِ	وَلَا تَشۡتَرُواْ	عَذَابٌ عَظِيمٞ ۝٩٤	وَلَكُمۡ
اللہ کے عہد کے بدلے میں	اور نہ تم خریدو (لو)	بہت بڑا عذاب (آخرت میں)	اور تمھارے لیے (ہو)
اللہ کے راستے سے روکا اور تمھارے لیے (اس کی پاداش میں) بہت بڑا عذاب (آخرت میں) ہے۔			

ثَمَنٗا قَلِيلًاۚ إِنَّمَا عِندَ ٱللَّهِ هُوَ خَيۡرٞ لَّكُمۡ

لَّكُمۡ	خَيۡرٞ	هُوَ	عِندَ ٱللَّهِ	إِنَّمَا	ثَمَنٗا قَلِيلًاۚ
تمھارے لیے	بہت بہتر ہے	وہ	اللہ کے پاس ہے	یقیناً جو	تھوڑی قیمت (دنیوی فائدہ)
اور تم اللہ کے عہد کے بدلے میں تھوڑی قیمت (دنیوی فائدہ) نہ خریدو۔ یقیناً جو اللہ کے پاس ہے وہ تمھارے لیے بہت بہتر ہے					

إِن كُنتُمۡ تَعۡلَمُونَ ۝٩٥ مَا عِندَكُمۡ يَنفَدُ

يَنفَدُ	عِندَكُمۡ	مَا	تَعۡلَمُونَ ۝٩٥	كُنتُمۡ	إِن
وہ فنا ہو جائے گا	تمھارے پاس ہے	جو کچھ	جانتے	تم ہو	اگر
اگر تم جانتے ہو۔ جو کچھ تمھارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا					

وَمَا عِندَ ٱللَّهِ بَاقٖۗ وَلَنَجۡزِيَنَّ

وَلَنَجۡزِيَنَّ	بَاقٖۗ	عِندَ ٱللَّهِ	وَمَا
اور یقیناً ہم ضرور بدلے میں دینگے	وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے	اللہ کے پاس ہے	اور جو (ثواب)
اور جو (ثواب) اللہ کے پاس ہے وہ ہمیشہ باقی رہنے والا ہے اور یقیناً ہم ضرور			

ٱلَّذِينَ صَبَرُوٓاْ أَجۡرَهُم بِأَحۡسَنِ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝٩٦

ٱلَّذِينَ	صَبَرُوٓاْ	أَجۡرَهُم	بِأَحۡسَنِ	مَا كَانُواْ	يَعۡمَلُونَ۝٩٦
ان لوگوں کو جنہوں نے	صبر کیا	ان کا اجر وثواب	ان بہترین (اعمال) کے بدلے	جو وہ تھے	عمل کرتے
صبر کرنے والوں کو ان کے اعمال کا بہترین بدلہ دینگے					

مَنۡ عَمِلَ صَٰلِحٗا مِّن ذَكَرٍ أَوۡ أُنثَىٰ وَهُوَ مُؤۡمِنٞ

مَنۡ عَمِلَ	صَٰلِحٗا	مِّن ذَكَرٍ	أَوۡ أُنثَىٰ	وَهُوَ	مُؤۡمِنٞ
جس نے عمل کیا	نیک	کوئی مرد ہو	یا عورت	جبکہ وہ	مومن ہو
جس کسی نے بھی نیک عمل کیا 'خواہ وہ مرد ہو یا عورت' جبکہ وہ مومن ہو					

فَلَنُحۡيِيَنَّهُۥ حَيَوٰةٗ طَيِّبَةٗۖ وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ

فَلَنُحۡيِيَنَّهُۥ	حَيَوٰةٗ طَيِّبَةٗۖ	وَلَنَجۡزِيَنَّهُمۡ
تو یقیناً ہم ضرور زندگی بخشیں گے اس کو (دنیا میں)	پاکیزہ زندگی	اور یقیناً ہم انہیں ضرور بدلے میں دینگے
تو یقیناً ہم ضرور اس کو اس دنیا میں پاکیزہ زندگی بخشیں گے		

أَجۡرَهُم بِأَحۡسَنِ مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝٩٧ فَإِذَا قَرَأۡتَ ٱلۡقُرۡءَانَ

أَجۡرَهُم	بِأَحۡسَنِ	مَا كَانُواْ يَعۡمَلُونَ۝٩٧	فَإِذَا	قَرَأۡتَ	ٱلۡقُرۡءَانَ
ان کا اجر وثواب	ان بہترین (اعمال) کے بدلے	جو وہ عمل کیا کرتے تھے	پس جب	آپ پڑھنے لگیں	قرآن
اور (آخرت میں) ہم انہیں ضرور دینگے ان کے اجر 'اُن کے بہترین اعمال کے مطابق۔ پس جب آپ قرآن پڑھنے لگیں					

فَٱسۡتَعِذۡ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ ﴿٩٨﴾ إِنَّهُۥ لَيۡسَ لَهُۥ

فَٱسۡتَعِذۡ	بِٱللَّهِ	مِنَ ٱلشَّيۡطَٰنِ ٱلرَّجِيمِ ﴿٩٨﴾	إِنَّهُۥ	لَيۡسَ	لَهُۥ
تو پناہ طلب کریں	اللہ کی	شیطان مردود (کے شر) سے	بلاشبہ وہ (شیطان)	نہیں ہے	اُس کے لیے

تو شیطان مردود (کے شر) سے اللہ کی پناہ طلب کریں۔

سُلۡطَٰنٌ عَلَى ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَعَلَىٰ رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُونَ ﴿٩٩﴾ إِنَّمَا سُلۡطَٰنُهُۥ

سُلۡطَٰنٌ	عَلَى ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	وَعَلَىٰ رَبِّهِمۡ	يَتَوَكَّلُونَ ﴿٩٩﴾	إِنَّمَا سُلۡطَٰنُهُۥ
کوئی غلبہ	اُن لوگوں پر جو	ایمان لائے	اور اپنے رب ہی پر	وہ بھروسہ کرتے ہیں	اس کا غلبہ تو بس

بیشک شیطان کا زور ایمان والوں اور اپنے رب پر بھروسہ کرنے والوں پر نہیں چلتا۔

عَلَى ٱلَّذِينَ يَتَوَلَّوۡنَهُۥ وَٱلَّذِينَ هُم بِهِۦ مُشۡرِكُونَ ﴿١٠٠﴾

عَلَى ٱلَّذِينَ	يَتَوَلَّوۡنَهُۥ	وَٱلَّذِينَ	هُم	بِهِۦ	مُشۡرِكُونَ ﴿١٠٠﴾
اُن لوگوں پر ہے جو	اس سے دوستی کرتے ہیں	اور ان پر جو	وہ	اس (اللہ) کے ساتھ	شریک ٹھہراتے ہیں

اُس کا زور تو انہیں لوگوں پر چلتا ہے جو اُس سے دوستی کرتے ہیں اور جو اس کو اللہ کے ساتھ شریک ٹھہراتے ہیں۔

وَإِذَا بَدَّلۡنَآ ءَايَةً مَّكَانَ ءَايَةٍ وَٱللَّهُ

وَإِذَا	بَدَّلۡنَآ	ءَايَةً	مَّكَانَ	ءَايَةٍ	وَٱللَّهُ
اور جب	ہم بدلتے ہیں	ایک آیت کی	جگہ	دوسری آیت کو	اور اللہ

اور جب ہم ایک آیت کی جگہ دوسری آیت کو بدلتے ہیں

أَعۡلَمُ بِمَا يُنَزِّلُ قَالُوٓاْ إِنَّمَآ أَنتَ مُفۡتَرِۢۚ

مُفۡتَرِۢۚ	إِنَّمَآ أَنتَ	قَالُوٓاْ	يُنَزِّلُ	بِمَا	أَعۡلَمُ
گھڑلانے والے ہیں	بس آپؐ توخود	تووہ(مشرکین) کہتے ہیں	وہ نازل کرتا ہے	اس چیز کوجو	خوب جانتا ہے
اور اللہ خوب جانتا ہے اس چیز کو جو وہ نازل کرتا ہے تو وہ (مشرکین) کہتے ہیں کہ آپؐ یہ خود ہی گھڑتے ہیں					

بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُونَ ١٠١ قُلۡ نَزَّلَهُۥ رُوحُ ٱلۡقُدُسِ

رُوحُ ٱلۡقُدُسِ	نَزَّلَهُۥ	قُلۡ	لَا يَعۡلَمُونَ ١٠١	أَكۡثَرُهُمۡ	بَلۡ
جبریل نے	اس(قرآن) کونازل کیا	آپؐ کہہ دیجیے	نہیں جانتے	ان کے اکثر	بلکہ
بلکہ ان کے اکثر جانتے نہیں۔ آپؐ صلی اللہ علیہ وسلم کہہ دیجیے اس (قرآن) کو جبریل نے					

مِن رَّبِّكَ بِٱلۡحَقِّ لِيُثَبِّتَ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ

ءَامَنُواْ	ٱلَّذِينَ	لِيُثَبِّتَ	بِٱلۡحَقِّ	مِن رَّبِّكَ
ایمان لائے	ان لوگوں کو جو	تاکہ وہ(اللہ) ثابت(قدم) رکھے	حق کے ساتھ	آپؐ کے رب کی طرف سے
آپؐ صلی اللہ علیہ وسلم کے رب کی طرف سے حق کے ساتھ نازل کیا تاکہ اللہ اہل ایمان کو ثابت قدم رکھے				

وَهُدٗى وَبُشۡرَىٰ لِلۡمُسۡلِمِينَ ١٠٢ وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ أَنَّهُمۡ

أَنَّهُمۡ	نَعۡلَمُ	وَلَقَدۡ	لِلۡمُسۡلِمِينَ ١٠٢	وَبُشۡرَىٰ	وَهُدٗى
کہ بیشک وہ(کفار)	ہم جانتے ہیں	اوریقیناً	مسلمانوں کے لیے	اور خوشخبری ہے	اور عظیم ہدایت
اور مسلمانوں کے لیے تو یہ ہدایت اور خوشخبری ہے۔ اور یقیناً ہم جانتے ہیں کہ بیشک وہ (کفار) کہتے ہیں کہ					

يَقُولُونَ إِنَّمَا يُعَلِّمُهُۥ بَشَرٌۗ لِّسَانُ ٱلَّذِى

ٱلَّذِى	لِّسَانُ	بَشَرٌۗ	يُعَلِّمُهُۥ	إِنَّمَا	يَقُولُونَ
اس شخص کی کہ	(حالانکہ) زبان	ایک آدمی	اس کو تو (یہ قرآن) سکھاتا ہے	بس	کہتے ہیں کہ

بس اس کو تو (یہ قرآن) ایک آدمی سکھاتا ہے

يُلۡحِدُونَ إِلَيۡهِ أَعۡجَمِيٌّ وَهَٰذَا لِسَانٌ عَرَبِيٌّ مُّبِينٌ ١٠٣

مُّبِينٌ ١٠٣	لِسَانٌ عَرَبِيٌّ	وَهَٰذَا	أَعۡجَمِيٌّ	إِلَيۡهِ	يُلۡحِدُونَ
واضح	عربی زبان میں ہے	اور یہ	عجمی (غیر فصیح) ہے	اس کی طرف	وہ غلط نسبت کرتے ہیں (قرآن کی)

اس کی زبان جس کی طرف یہ نسبت کرتے ہیں عجمی ہے اور یہ قرآن تو صاف عربی زبان میں ہے۔

إِنَّ ٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ لَا يَهۡدِيهِمُ ٱللَّهُ وَلَهُمۡ

وَلَهُمۡ	لَا يَهۡدِيهِمُ ٱللَّهُ	بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ	لَا يُؤۡمِنُونَ	ٱلَّذِينَ	إِنَّ
اور ان کے لیے	اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا	اللہ کی آیات کے ساتھ	ایمان نہیں لاتے	وہ لوگ جو	بیشک

بیشک وہ لوگ جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے اللہ انہیں ہدایت نہیں دیتا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے۔

عَذَابٌ أَلِيمٌ ١٠٤ إِنَّمَا يَفۡتَرِى ٱلۡكَذِبَ ٱلَّذِينَ لَا يُؤۡمِنُونَ

لَا يُؤۡمِنُونَ	ٱلَّذِينَ	ٱلۡكَذِبَ	يَفۡتَرِى	إِنَّمَا	عَذَابٌ أَلِيمٌ ١٠٤
ایمان نہیں لاتے	وہی لوگ جو	جھوٹ	باندھتے ہیں	یقیناً	دردناک عذاب ہے

جھوٹ تو وہی گھڑتے ہیں جو اللہ کی آیات پر ایمان نہیں لاتے

بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡكَٰذِبُونَ١٠٥ مَن كَفَرَ بِٱللَّهِ

بِٱللَّهِ	كَفَرَ	مَن	ٱلۡكَٰذِبُونَ١٠٥	وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِۖ
اللہ کے ساتھ	کفر کرے	جو شخص	جھوٹے ہیں	اور وہی لوگ	اللہ کی آیات کے ساتھ

اور وہی لوگ جھوٹے ہیں۔ جو شخص ایمان لانے کے بعد اللہ کے ساتھ کفر کرے

مِنۢ بَعۡدِ إِيمَٰنِهِۦٓ إِلَّا مَنۡ أُكۡرِهَ وَقَلۡبُهُۥ مُطۡمَئِنُّۢ

مُطۡمَئِنُّۢ	وَقَلۡبُهُۥ	أُكۡرِهَ	مَنۡ	إِلَّا	مِنۢ بَعۡدِ إِيمَٰنِهِۦٓ
مطمئن ہو	جبکہ اس کا دل	مجبور کیا جائے	اس شخص کے جسے	سوائے	اپنے ایمان لانے کے بعد

سوائے اس شخص کے جسے مجبور کیا جائے جبکہ اس کا دل ایمان پر مطمئن ہو

بِٱلۡإِيمَٰنِ وَلَٰكِن مَّن شَرَحَ بِٱلۡكُفۡرِ صَدۡرٗا

صَدۡرٗا	بِٱلۡكُفۡرِ	شَرَحَ	مَّن	وَلَٰكِن	بِٱلۡإِيمَٰنِ
اپنا سینہ	کفر کے لیے	کھول دیا	وہ شخص جس نے	اور لیکن	ایمان پر

اور لیکن وہ شخص جس نے اپنا سینہ کفر کے لیے کھول دیا

فَعَلَيۡهِمۡ غَضَبٞ مِّنَ ٱللَّهِ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ١٠٦ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمُ	عَذَابٌ عَظِيمٞ١٠٦	وَلَهُمۡ	غَضَبٞ مِّنَ ٱللَّهِ	فَعَلَيۡهِمۡ
یہ اس لیے کہ بیشک انہوں نے	بہت بڑا عذاب ہے	اور ان کے لیے	اللہ کی طرف سے بڑا غضب ہے	تو ایسے لوگوں پر

تو ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب اور ان کے لیے بہت بڑا عذاب ہے۔

ٱسۡتَحَبُّواْ ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا عَلَى ٱلۡأٓخِرَةِ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَا يَهۡدِي

ٱسۡتَحَبُّواْ	ٱلۡحَيَوٰةَ ٱلدُّنۡيَا	عَلَى ٱلۡأٓخِرَةِ	وَأَنَّ	ٱللَّهَ	لَا يَهۡدِي
پسند کیا ہے	دنیاوی زندگی کو	آخرت پر	اور بیشک	اللہ	ہدایت نہیں دیتا

یہ اس لیے کہ بیشک انہوں نے دنیاوی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی اور بیشک اللہ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔

ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ١٠٧ أُوْلَٰٓئِكَ ٱلَّذِينَ طَبَعَ ٱللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ وَسَمۡعِهِمۡ

ٱلۡقَوۡمَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ١٠٧	أُوْلَٰٓئِكَ	ٱلَّذِينَ	طَبَعَ ٱللَّهُ	عَلَىٰ قُلُوبِهِمۡ	وَسَمۡعِهِمۡ
کافر قوم کو	یہ	وہ لوگ ہیں کہ	اللہ نے مہر لگادی ہے	اُن کے دلوں پر	اور انکے کانوں پر

یہ وہ لوگ ہیں کہ اللہ نے اُن کے دلوں اُن کے کانوں اور اُن کی آنکھوں پر مہر لگادی ہے

وَأَبۡصَٰرِهِمۡۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡغَٰفِلُونَ ١٠٨ لَا جَرَمَ أَنَّهُمۡ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ

وَأَبۡصَٰرِهِمۡۖ	وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلۡغَٰفِلُونَ ١٠٨	لَا جَرَمَ	أَنَّهُمۡ	فِي ٱلۡأٓخِرَةِ
اور انکی آنکھوں پر	اور یہی لوگ	غافل ہیں	یقیناً	بیشک وہ لوگ	آخرت میں

اور یہی لوگ غافل ہیں۔ یقیناً یہی لوگ آخرت میں خسارہ پانے والے ہونگے۔

هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ ١٠٩ ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ هَاجَرُواْ

هُمُ ٱلۡخَٰسِرُونَ ١٠٩	ثُمَّ	إِنَّ	رَبَّكَ	لِلَّذِينَ	هَاجَرُواْ
وہی خسارہ پانے والے ہونگے	پھر	بیشک	آپ کا رب	ان لوگوں کے لیے جنھوں نے	ہجرت کی

پھر بیشک آپ ﷺ کا رب ان لوگوں کے لیے جنھوں نے ہجرت کی

مِنۢ بَعۡدِ مَا فُتِنُواْ ثُمَّ جَٰهَدُواْ وَصَبَرُوٓاْ إِنَّ

مِنۢ بَعۡدِ مَا	فُتِنُواْ	ثُمَّ	جَٰهَدُواْ	وَصَبَرُوٓاْ	إِنَّ
اس کے بعد کہ	وہ آزمائے گئے	پھر	انہوں نے جہاد کیا	اور انہوں نے صبر کیا	بیشک

اس کے بعد کہ وہ آزمائے گئے پھر انہوں نے جہاد کیا اور صبر کیا

رَبَّكَ مِنۢ بَعۡدِهَا لَغَفُورٞ رَّحِيمٞ ١١٠ يَوۡمَ تَأۡتِي

رَبَّكَ	مِنۢ بَعۡدِهَا	لَغَفُورٞ	رَّحِيمٞ ١١٠	يَوۡمَ	تَأۡتِي
آپؐ کا رب	اس کے بعد	یقیناً بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	(یاد کرو) جس دن	آئے گی

بیشک آپ ﷺ کا رب اس سب کچھ کے بعد بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔

كُلُّ نَفۡسٖ تُجَٰدِلُ عَن نَّفۡسِهَا وَتُوَفَّىٰ كُلُّ نَفۡسٖ

كُلُّ	نَفۡسٖ	تُجَٰدِلُ	عَن نَّفۡسِهَا	وَتُوَفَّىٰ	كُلُّ نَفۡسٖ
ہر	جان	جھگڑتی ہوئی	اپنی ذات کی طرف سے	اور پورا پورا (بدلہ) دیا جائے گا	ہر جان کو

جس دن ہر جان اپنی ذات کے لیے لڑتی جھگڑتی ہوئی آئے گی اور ہر جان کو اس کے کئے ہوئے اعمال کا

مَّا عَمِلَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ ١١١ وَضَرَبَ ٱللَّهُ مَثَلٗا

مَّا	عَمِلَتۡ	وَهُمۡ	لَا يُظۡلَمُونَ ١١١	وَضَرَبَ ٱللَّهُ	مَثَلٗا
اس کا جو	اس نے عمل کیا	اس حال میں کہ ان پر	ظلم نہیں کیا جائے گا	اور اللہ نے بیان کی	مثال

پورا پورا (بدلہ) دیا جائے گا اور اُن پر ظلم نہیں کیا جائے گا۔ اور اللہ نے ایک بستی کی مثال بیان کی

قَرۡيَةٗ كَانَتۡ ءَامِنَةٗ مُّطۡمَئِنَّةٗ يَأۡتِيهَا رِزۡقُهَا

رِزۡقُهَا	يَأۡتِيهَا	مُّطۡمَئِنَّةٗ	ءَامِنَةٗ	كَانَتۡ	قَرۡيَةٗ
اس کا رزق	اس کے پاس آتا تھا	اطمینان والی	امن والی	کہ وہ تھی	ایک بستی کی
کہ وہ امن اور اطمینان کی حالت میں تھی اس کا رزق اس کے پاس کھلا (وافر) ہر طرف سے آتا تھا					

رَغَدٗا مِّن كُلِّ مَكَانٖ فَكَفَرَتۡ بِأَنۡعُمِ ٱللَّهِ

بِأَنۡعُمِ ٱللَّهِ	فَكَفَرَتۡ	مِّن كُلِّ مَكَانٖ	رَغَدٗا
اللہ کی نعمتوں کی	پھر اس (کے باشندوں) نے ناشکری کی	ہر جگہ سے	کھلا (وافر)
پھر اس (کے باشندوں) نے اللہ کی نعمتوں کی ناشکری کی			

فَأَذَٰقَهَا ٱللَّهُ لِبَاسَ ٱلۡجُوعِ وَٱلۡخَوۡفِ بِمَا كَانُواْ يَصۡنَعُونَ ١١٢

كَانُواْ يَصۡنَعُونَ ١١٢	بِمَا	وَٱلۡخَوۡفِ	ٱلۡجُوعِ	لِبَاسَ	فَأَذَٰقَهَا ٱللَّهُ
وہ کیا کرتے تھے	اس وجہ سے جو	اور خوف کا	بھوک کا	لباس	تو اللہ نے (اس بستی والوں) کو چکھایا
تو اللہ نے (اس بستی والوں) کو چکھایا لباس بھوک اور خوف کا اس وجہ سے جو وہ کیا کرتے تھے۔					

وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ رَسُولٞ مِّنۡهُمۡ فَكَذَّبُوهُ فَأَخَذَهُمُ

فَأَخَذَهُمُ	فَكَذَّبُوهُ	مِّنۡهُمۡ	رَسُولٞ	جَآءَهُمۡ	وَلَقَدۡ
تب انہیں آ پکڑا	تو انہوں نے اُسے جھٹلایا	انہی میں سے	ایک عظیم رسول	ان کے پاس آیا	اور یقیناً
اور یقیناً ان کے پاس انہی میں سے ایک عظیم رسول آیا تو انہوں نے اُسے جھٹلایا تب انہیں عذاب نے آ پکڑا					

ٱلۡعَذَابُ وَهُمۡ ظَٰلِمُونَ﴿١١٣﴾ فَكُلُواْ مِمَّا رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ

ٱلۡعَذَابُ	وَهُمۡ	ظَٰلِمُونَ﴿١١٣﴾	فَكُلُواْ	مِمَّا	رَزَقَكُمُ ٱللَّهُ
عذاب نے	اس حال میں کہ وہ	ظالم تھے	پس تم کھاؤ	اس میں سے جو	اللہ نے تمھیں رزق دیا ہے

اس حال میں کہ وہ ظالم تھے۔ پس (اے اہل ایمان) تم کھاؤ اس میں سے جو اللہ نے تمھیں حلال اور پاکیزہ رزق دیا ہے

حَلَٰلٗا طَيِّبٗا وَٱشۡكُرُواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ إِن كُنتُمۡ

حَلَٰلٗا	طَيِّبٗا	وَٱشۡكُرُواْ	نِعۡمَتَ ٱللَّهِ	إِن	كُنتُمۡ
حلال	پاکیزہ	اور تم شکر کرو	اللہ کی نعمت کا	اگر	تم ہو

اور تم اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم واقعتاً اُسی کی عبادت کرتے ہو۔

إِيَّاهُ تَعۡبُدُونَ﴿١١٤﴾ إِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيۡكُمُ ٱلۡمَيۡتَةَ وَٱلدَّمَ

إِيَّاهُ	تَعۡبُدُونَ﴿١١٤﴾	إِنَّمَا حَرَّمَ	عَلَيۡكُمُ	ٱلۡمَيۡتَةَ	وَٱلدَّمَ
خاص اسی کی	تم عبادت کرتے ہو	بس اس (اللہ) نے حرام کیا ہے	تم پر	مردار	اور خون (بہایا ہوا)

بس اس (اللہ) نے حرام کیا ہے تم پر مردار اور خون (بہایا ہوا)

وَلَحۡمَ ٱلۡخِنزِيرِ وَمَآ أُهِلَّ لِغَيۡرِ ٱللَّهِ بِهِۦۖ فَمَنِ

وَلَحۡمَ ٱلۡخِنزِيرِ	وَمَآ	أُهِلَّ	لِغَيۡرِ ٱللَّهِ	بِهِۦۖ	فَمَنِ
اور خنزیر کا گوشت	اور وہ چیز کہ	نام پکارا گیا ہو	اللہ کے سوا کسی اور کا	اس پر	پھر جو شخص کہ

اور خنزیر کا گوشت اور وہ چیز جس پر اللہ کے سوا کسی اور کا نام پکارا جائے۔

ٱضْطُرَّ غَيْرَ بَاغٍ وَلَا عَادٍ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ

ٱضْطُرَّ	غَيْرَ بَاغٍ	وَلَا عَادٍ	فَإِنَّ	ٱللَّهَ	غَفُورٌ
وہ مجبور ہو جائے	جبکہ نہ سرکش ہو	اور نہ حد سے بڑھنے والا	تو بیشک	اللہ	بہت بخشنے والا
پھر جو شخص کہ وہ مجبور ہو جائے جبکہ نہ سرکش اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو					

رَّحِيمٌ ﴿١١٥﴾ وَلَا تَقُولُواْ لِمَا تَصِفُ أَلْسِنَتُكُمُ ٱلْكَذِبَ

رَّحِيمٌ ﴿١١٥﴾	وَلَا تَقُولُواْ	لِمَا	تَصِفُ	أَلْسِنَتُكُمُ	ٱلْكَذِبَ
نہایت رحم کرنے والا ہے	اور تم نہ کہو	اس کو کہ	(اس کے متعلق) بیان کرتی ہیں	تمھاری زبانیں	جھوٹ
تو بیشک اللہ بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔ کسی چیز کو اپنی زبان سے جھوٹ موٹ نہ کہہ دیا کرو					

هَٰذَا حَلَٰلٌ وَهَٰذَا حَرَامٌ لِّتَفْتَرُواْ عَلَى ٱللَّهِ

هَٰذَا	حَلَٰلٌ	وَهَٰذَا	حَرَامٌ	لِّتَفْتَرُواْ	عَلَى ٱللَّهِ
کہ یہ	حلال ہے	اور یہ	حرام ہے	تاکہ تم گھڑو	اللہ پر
کہ یہ حلال ہے اور یہ حرام ہے تاکہ تم اللہ کی طرف جھوٹ منسوب کرو					

ٱلْكَذِبَ ۚ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَفْتَرُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلْكَذِبَ

ٱلْكَذِبَ ۚ	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	يَفْتَرُونَ	عَلَى ٱللَّهِ	ٱلْكَذِبَ
جھوٹ	یقیناً	وہ لوگ جو	گھڑتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ
یقیناً جو لوگ اللہ کی طرف جھوٹ منسوب کرتے ہیں					

لَا يُفۡلِحُونَ ﴿١١٦﴾ مَتَٰعٞ قَلِيلٞ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ ﴿١١٧﴾

عَذَابٌ أَلِيمٞ ﴿١١٧﴾	وَلَهُمۡ	قَلِيلٞ	مَتَٰعٞ	لَا يُفۡلِحُونَ ﴿١١٦﴾
بہت دردناک عذاب ہے	اور اُن کے لیے	تھوڑا سا	(ان کے لیے) فائدہ ہے	وہ فلاح نہیں پائیں گے

وہ فلاح نہیں پائیں گے۔(ان کے لیے دُنیوی زندگی میں) تھوڑا سا فائدہ ہے اور پھر اُن لوگوں کے دردناک عذاب ہے۔

وَعَلَى ٱلَّذِينَ هَادُواْ حَرَّمۡنَا مَا قَصَصۡنَا عَلَيۡكَ

عَلَيۡكَ	قَصَصۡنَا	مَا	حَرَّمۡنَا	هَادُواْ	وَعَلَى ٱلَّذِينَ
آپؐ پر	ہم نے بیان کیا ہے	جو کچھ کہ	ہم نے حرام کیا تھا	یہودی ہوئے	اور ان لوگوں پر جو

اور ان لوگوں پر جو یہودی ہوئے ہم نے حرام کیا تھا جو کچھ کہ ہم نے آپؐ صلی اللہ علیہ وسلم پر اس سے پہلے بیان کیا ہے

مِن قَبۡلُۖ وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ وَلَٰكِن كَانُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ يَظۡلِمُونَ ﴿١١٨﴾

يَظۡلِمُونَ ﴿١١٨﴾	أَنفُسَهُمۡ	كَانُوٓاْ	وَلَٰكِن	وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ	مِن قَبۡلُۖ
ظلم کرتے	خود اپنے آپ پر	وہ تھے	اور لیکن	اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا	اس سے پہلے

اور ہم نے اُن پر ظلم نہیں کیا لیکن وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے۔

ثُمَّ إِنَّ رَبَّكَ لِلَّذِينَ عَمِلُواْ ٱلسُّوٓءَ

ٱلسُّوٓءَ	عَمِلُواْ	لِلَّذِينَ	رَبَّكَ	إِنَّ	ثُمَّ
برے	عمل کیے	اُن لوگوں کے لیے جنھوں نے	آپؐ کا رب	بیشک	پھر

پھر یقیناً آپؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا رب اُن لوگوں کے لیے جنھوں نے جہالت کی وجہ سے برے عمل کیے

بِجَهَٰلَةٍ ثُمَّ تَابُواْ مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ وَأَصۡلَحُوٓاْ إِنَّ

بِجَهَٰلَةٍ	ثُمَّ	تَابُواْ	مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ	وَأَصۡلَحُوٓاْ	إِنَّ
جہالت کی وجہ سے	پھر	انہوں نے توبہ کی	اس کے بعد	اور اپنی اصلاح کرلی	بیشک

پھر اس کے بعد انہوں نے توبہ کی اور اپنی اصلاح کرلی

رَبَّكَ مِنۢ بَعۡدِهَا لَغَفُورٞ رَّحِيمٌ ١١٩ إِنَّ إِبۡرَٰهِيمَ

رَبَّكَ	مِنۢ بَعۡدِهَا	لَغَفُورٞ	رَّحِيمٌ ١١٩	إِنَّ	إِبۡرَٰهِيمَ
آپؐ کا رب	اس (توبہ) کے بعد	یقیناً بہت بخشنے والا	نہایت رحم کرنے والا ہے	بیشک	ابراہیمؑ

بیشک آپ ﷺ کا رب اس (توبہ) کے بعد یقیناً بہت بخشنے والا نہایت رحم کرنے والا ہے۔

كَانَ أُمَّةٗ قَانِتٗا لِّلَّهِ حَنِيفٗا وَلَمۡ يَكُ

كَانَ	أُمَّةٗ	قَانِتٗا	لِّلَّهِ	حَنِيفٗا	وَلَمۡ يَكُ
تھا	ایک اُمت	فرمانبردار	اللہ کا	حق کا پرستار	اور وہ نہ تھا

یقیناً ابراہیمؑ ایک اُمت تھے اللہ کے فرمانبردار اور حق کا پرستار اور آپؑ (ابراہیمؑ) مشرکوں میں سے نہ تھے۔

مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ ١٢٠ شَاكِرٗا لِّأَنۡعُمِهِۚ ٱجۡتَبَىٰهُ

مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ ١٢٠	شَاكِرٗا	لِّأَنۡعُمِهِۚ	ٱجۡتَبَىٰهُ
مشرکوں میں سے	شکر کرنے والا تھا	اُس (اللہ) کی نعمتوں کا	اس (اللہ) نے اسے چن لیا تھا

اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے والے تھے اللہ نے اُن کو چن لیا تھا

وَهَدَىٰهُ إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسۡتَقِيمٍ۝١٢١ وَءَاتَيۡنَٰهُ فِي ٱلدُّنۡيَا حَسَنَةًۖ وَإِنَّهُۥ

وَهَدَىٰهُ	إِلَىٰ صِرَٰطٍ مُّسۡتَقِيمٍ۝١٢١	وَءَاتَيۡنَٰهُ	فِي ٱلدُّنۡيَا	حَسَنَةًۖ	وَإِنَّهُۥ
اور اس نے اسے ہدایت دی تھی	سیدھے راستے کی طرف	اور ہم نے اُسے دی	دنیا میں	بھلائی	اور بیشک وہ

اوراُن کو سیدھے راستے کی طرف ہدایت دی تھی۔ اور ہم نے اُن کو دنیا میں بھی بھلائی دی تھی

فِي ٱلۡأٓخِرَةِ لَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ۝١٢٢ ثُمَّ أَوۡحَيۡنَآ إِلَيۡكَ أَنِ

فِي ٱلۡأٓخِرَةِ	لَمِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ۝١٢٢	ثُمَّ	أَوۡحَيۡنَآ	إِلَيۡكَ	أَنِ
آخرت میں	یقیناً نیک لوگوں میں سے ہو گا	پھر	ہم نے وحی کی	آپؐ کی طرف	یہ کہ

اور بیشک وہ (ابراہیمؑ) آخرت میں بھی نیک لوگوں میں سے ہونگے۔ پھر ہم نے آپ ﷺ کی طرف وحی کی

ٱتَّبِعۡ مِلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ حَنِيفٗاۖ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ۝١٢٣ إِنَّمَا

ٱتَّبِعۡ	مِلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ	حَنِيفٗاۖ	وَمَا كَانَ	مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ۝١٢٣	إِنَّمَا
آپؐ پیروی کریں	ملت ابراہیمؑ کی	جو حق کا پرستار تھا	اور وہ نہ تھا	مشرکوں میں سے	بس

کہ آپ ﷺ ملت ابراہیمؑ کی پیروی کریں جو حق کے پرستار تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہ تھے

جُعِلَ ٱلسَّبۡتُ عَلَى ٱلَّذِينَ ٱخۡتَلَفُواْ فِيهِۚ وَإِنَّ

جُعِلَ	ٱلسَّبۡتُ	عَلَى ٱلَّذِينَ	ٱخۡتَلَفُواْ	فِيهِۚ	وَإِنَّ
بنایا گیا تھا	ہفتے کا دن (قابل تعظیم)	ان لوگوں پر جنھوں نے	اختلاف کیا تھا	اس میں	اور بیشک

ہفتے کا دن (قابل تعظیم) بنایا گیا تھا ان لوگوں پر جنھوں نے اس میں اختلاف کیا تھا

رَبَّكَ لَيَحْكُمُ بَيْنَهُمْ يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ فِيمَا كَانُواْ

رَبَّكَ	لَيَحْكُمُ	بَيْنَهُمْ	يَوْمَ ٱلْقِيَٰمَةِ	فِيمَا	كَانُواْ
آپؐ کا رب	ضرور فیصلہ کرے گا	ان کے درمیان	قیامت کے دن	اس چیز کے متعلق کہ	وہ تھے
اور بیشک آپ ﷺ کا رب قیامت کے دن ان کے درمیان فیصلہ کرے گا					

فِيهِ يَخْتَلِفُونَ ١٢٤ ٱدْعُ إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ بِٱلْحِكْمَةِ

فِيهِ	يَخْتَلِفُونَ ١٢٤	ٱدْعُ	إِلَىٰ سَبِيلِ رَبِّكَ	بِٱلْحِكْمَةِ
اس میں	اختلاف کرتے	(اے پیغمبر!) بلایئے (لوگوں کو)	اپنے رب کے راستے کی طرف	حکمت کے ساتھ
اس چیز کے متعلق کہ جس میں وہ اختلاف کرتے تھے۔(اے پیغمبر!) بلایئے (لوگوں کو) اپنے رب کے راستے کی طرف				

وَٱلْمَوْعِظَةِ ٱلْحَسَنَةِ ۖ وَجَٰدِلْهُم بِٱلَّتِي هِيَ أَحْسَنُ ۚ إِنَّ

وَٱلْمَوْعِظَةِ ٱلْحَسَنَةِ ۖ	وَجَٰدِلْهُم	بِٱلَّتِي	هِيَ	أَحْسَنُ ۚ	إِنَّ
اور اچھی نصیحت کے ساتھ	اور ان سے بحث کیجیے	اس طریقے سے کہ	وہ	سب سے اچھا ہو	بلاشبہ
حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ اور ان سے اچھے طریقے سے بحث کیجیے					

رَبَّكَ هُوَ أَعْلَمُ بِمَن ضَلَّ عَن سَبِيلِهِۦ

رَبَّكَ	هُوَ	أَعْلَمُ	بِمَن	ضَلَّ	عَن سَبِيلِهِۦ
آپؐ کا رب	وہ	خوب جانتا ہے	اس شخص کو جو	گمراہ ہوا	اس کے راستے سے
یقیناً آپ ﷺ کا رب اچھی طرح جانتا ہے اُن کو جو اس کے راستے سے گمراہ ہوئے					

وَهُوَ أَعۡلَمُ بِٱلۡمُهۡتَدِينَ ۝١٢٥ وَإِنۡ عَاقَبۡتُمۡ فَعَاقِبُواْ

وَهُوَ	أَعۡلَمُ	بِٱلۡمُهۡتَدِينَ ۝١٢٥	وَإِنۡ	عَاقَبۡتُمۡ	فَعَاقِبُواْ
اور وہ	خوب جانتا ہے	ہدایت پانے والوں میں	اور اگر	تم بدلہ لو	تو بدلہ لو
اور وہ ہدایت پانے والوں کو بھی اچھی طرح جانتا ہے۔ اور (اے مسلمانوں) اگر تم بدلہ لو تو بدلہ لو					

بِمِثۡلِ مَا عُوقِبۡتُم بِهِۦۖ وَلَئِن صَبَرۡتُمۡ

بِمِثۡلِ	مَا	عُوقِبۡتُم	بِهِۦۖ	وَلَئِن	صَبَرۡتُمۡ
اس (تکلیف) کے برابر	جو	تمھیں ایذا دی گئی	اس کے ساتھ	اور بلاشبہ اگر	تم صبر کرو
اس (تکلیف) کے برابر جو تمھیں تکلیف دی گئی اور اگر تم صبر کرو					

لَهُوَ خَيۡرٞ لِّلصَّٰبِرِينَ ۝١٢٦ وَٱصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُكَ إِلَّا

لَهُوَ	خَيۡرٞ	لِّلصَّٰبِرِينَ ۝١٢٦	وَٱصۡبِرۡ	وَمَا صَبۡرُكَ	إِلَّا
تو وہ (صبر)	بہت بہتر ہے	صبر کرنے والوں کے لیے	اور آپ صبر کیجیے	اور نہیں ہے آپ کا صبر کرنا	مگر
تو وہ صبر بہت بہتر ہے صبر کرنے والوں کے حق میں۔ اور (اے نبی ﷺ) آپ صبر کیجیے اور آپ کا صبر					

بِٱللَّهِۚ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَلَا تَكُ فِي ضَيۡقٖ مِّمَّا

بِٱللَّهِۚ	وَلَا تَحۡزَنۡ	عَلَيۡهِمۡ	وَلَا تَكُ	فِي ضَيۡقٖ	مِّمَّا
اللہ ہی (کی توفیق) سے	اور آپ غم نہ کریں	ان پر	اور آپ نہ ہوں	تنگی میں	اس سے جو
تو اللہ ہی کی توفیق سے ہے اور آپ ﷺ ان پر غم نہ کریں اور نہ آپ ﷺ ان کی سازشوں سے تنگی میں پڑیں					

يَمۡكُرُونَ ١٢٧ إِنَّ ٱللَّهَ مَعَ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَواْ

يَمۡكُرُونَ ١٢٧	إِنَّ ٱللَّهَ	مَعَ ٱلَّذِينَ	ٱتَّقَواْ
وہ سازشیں کرتے ہیں	بیشک اللہ	ان لوگوں کے ساتھ ہیں جنہوں نے	تقویٰ اختیار کیا
بیشک اللہ تعالیٰ متقی			

وَّٱلَّذِينَ هُم مُّحۡسِنُونَ ١٢٨

وَّٱلَّذِينَ	هُم	مُّحۡسِنُونَ ١٢٨
اور ان لوگوں کے (ساتھ ہے) کہ	وہ	نیکی کرنے والے ہیں
اور نیکی کرنے والوں کے ساتھ ہے۔		

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +1(343)6332211
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani